© rasailojaraid.com



**نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی سرگرمیاں:-** صوبہ بلوچستان کے وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحقہ مدارس کے مجلس عمومی کا اجلاس ۲۰ ستمبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شرکت کیلئے مولانا حافظ انوارالحق استاذالحدیث ونائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ وناظم وفاق المدارس پاکستان ۱۹ ستمبر کو کوئٹہ گئے۔ اجلاس میں مدارس کے ارباب حل وعقد نے بھرپور شرکت کی۔ وفاق کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، نائب صدر حضرت مولانا محمد حسن جان صاحب کے خطابات کے علاوہ مولانا انوارالحق نے مجلس عمومی کو تفصیلی خطاب کے دوران وفاق کے اہمیت، پس منظر اور دینی مدارس کے بارے میں حکمرانوں کے عزائم سے آگاہ کیا۔ ۲۱ ستمبر کو ایک دن کیلئے کوئٹہ سے کراچی جانا ہوا جہاں جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن میں ادارہ کے منتظمین خصوصاً شیخ الحدیث مولانا مفتی نظام الدین صاحب، حضرت مولانا محمد انور بدخشانی، مولانا امداداللہ، مولانا عطاء الرحمان وبعض دیگر اساتذہ سے اہم مسائل پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ اسی روز افغان قونصلیٹ میں ظہرانہ جسکا اہتمام طالبان نمائندگی کے نگرانوں مولانا محمد نصیر حقانی، مولانا عبدالجلیل حقانی اور مولانا محمد فضل حقانی (تینوں حقانیہ کے فضلاء ہیں) نے کیا تھا میں شرکت کی شام تک مختلف تقاریب وملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہنے کے بعد ۲۲ ستمبر صبح حیدرآباد میں سندھ کے وفاق سے ملحق مدارس کے اجلاس مجلس عمومی میں شرکت کی۔ اجلاس میں شریک مدارس کے ارباب اختیار کے تجاویز وشکایات سننے کے سلسلہ ایک بجہ تک جاری رہا۔ بعد میں وفاق کے چاروں مرکزی عہدیداروں کے جوابی تقاریر کے بعد شام کو کراچی سے واپسی ہوئی۔ ۱۷ اکتوبر کو وفاق المدارس کے امتحانی کمیٹی کے اجلاس منعقدہ ملتان میں شرکت کی۔ وفاق کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری سمیت کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ دودن جاری رہنے والے اجلاس میں وفاق کے زیراہتمام شعبان ۱۴۱۹ھ میں منعقد ہونے والے امتحانات کے سلسلہ میں بعض اہم امور کو حتمی شکل دی گئی۔

**شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفوراللہ صاحب کو صدمہ:-** دارالعلوم کے جید مدرس شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفوراللہ صاحب مدظلہ کے والد صاحب الحاج مختاراللہ صاحبؒ فالج کے عارضہ میں مبتلا ہونے کے بعد اپنے گاؤں علاقہ چغرزئی میں انتقال فرماگئے۔ مرحومؒ کیلئے دارالعلوم میں خصوصی ختمات کا اہتمام کیاگیا اور ایک تعزیتی اجتماع میں حضرت مہتمم صاحب اور تمام اساتذہ کرام و طلبہ نے شرکت کی۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور تمام پسماندگان حضرت مولانا مغفوراللہ صاحب مدظلہ و حضرت مولانا اسیداللہ صاحب اور دیگر برادران ورشتہ داروں کو اس عظیم صدمہ پر صبر جمیل کی توفیق عطافرمائے۔ (آمین) ادارہ اس غم میں حضرت

© rasailojaraid.com